دُکان / بازار



دُکان وہ جگہ ہے جہاں ضرورت کی چیزیں بکتی ہیں۔ ہر دُکان سے تمام ضروری چیزیں نہیں مل سکتیں۔ بازار وہ جگہ ہے جہاں ہر طرح کی دُکانیں ہوتی ہیں اور لوگوں کو ضرورت کی تمام چیزیں مل سکتی ہیں۔ دُکان دار لوگوں کی سہولت کے لیے مختلف چیزوں کی قیمتوں کی فہرست آویزاں کرتے ہیں۔

بازار میں مختلف دُکانیں

مختلف اقسام کی دُکانیں

بیکری



قصاب کی دُکان



بک ڈپو (کتابوں کی دُکان)

میڈیکل سٹور (دوائیوں کی دُکان)



پھلوں کی دُکان

کپڑے کی دُکان

کھلونوں کی دُکان

جنرل سٹور

ہدایات برائے والدین و اساتذہ

والدین بچوں کو بازار لے کر جائیں۔ چیزیں خریدتے ہوئے بچوں کو ساتھ رکھیں تاکہ انھیں چیزوں کی شناخت اور قیمتوں کا پتا چل سکے۔

سرگرمی 1

چیزوں کو اُن سے متعلقہ دُکان سے ملائیں۔

ڈبل روٹی، انڈے		میڈیکل سٹور
دالیں		سٹیشنری
دوائی		بیکری
پنسل		کریانہ سٹور

سرگرمی 2

دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

فہرست　　چیزیں　　دُکان

1- دُکان پر لوگوں کی ضرورت کی..................بکتی ہیں۔

2- دُکان دار چیزوں کی قیمتوں کی..................آویزاں کرتے ہیں۔

3- ہر محلے میں.........................ہوتی ہے۔

سرگرمی 3

اپنے محلے کی دُکان سے نیچے دی گئی چیزوں کی قیمت معلوم کر کے لکھیں۔

چینی ایک کلو	
آٹا ایک کلو	
گھی ایک کلو	
دال چنا ایک کلو	
نمک ایک کلو	
آلو ایک کلو	
پیاز ایک کلو	